سوال

(28) دجال کون ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا دجال بنی آدم ہی کا ایک فرد ہوگا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں، دجال بنی بشر میں سے ہے۔ اگرچہ کچھ علماء نے اسے شیطان کہا ہے۔ اور بعض نے کہا ہے کہ اس کا باپ انسان اور ماں کوئی جنی ہے۔ مگر یہ اقوال صحیح نہیں ہیں۔ ظاہر یہی ہے کہ وہ ایک آدم زاد ہے، کھانے پینے وغیرہ کا محتاج ہے اور یہی وجہ ہے کہ اسی طرح قتل ہوگا جیسے کوئی عام آدمی قتل ہوتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 60

محدث فتویٰ